www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مدینہ منورہ سے ایک مکتوب

بخدمت گرامی حافظ عبدالرحمٰن صاحب مدنی، مدیر اعلیٰ مجلہ "محدث" لاہور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ہمیں اس اطلاع سے سخت ذہنی تکلیف اور روحانی صدمہ پہنچا ہے کہ وطن عزیز پاکستان میں ایک فلم "فجر اسلام" (DAWN OF ISLAM) کے نام سے دکھلائی جارہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس فلم میں عہدِ رسالت کے مناظر بھی دکھائے گئے ہیں اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے کسی کا کردار فلم میں نہیں دکھایا جائے گا، لیکن ہماری اطلاع کے مطابق صحابہ کرام میں سے بعض کا کردار اس فلم میں ان فلم اسٹاروں نے ادا کیا ہے جن کا اخلاقی دیوالیہ پن اظہر من الشمس ہے۔

ہم اس حادثہ پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ پاکستان جس سے اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی امیدیں اسلام کے شیدائی لگائے بیٹھے ہیں اس مملکت میں اسلام کی ایسی جگ ہنسائی ہوئی اور توحید کے مثالی فرزندوں کی توہین ہوئی، اس المیہ پر جس قدر رنج وغم کا اظہار کیا جائے کم ہے۔

عالم اسلام کے تمام علمائے حق کا اس پر کامل اتفاق ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے واقعات و کردار پر فلم بنانا۔ اس کو پردۂ سکرین پر پیش کرنا، اور اس باب میں کسی قسم کا تعاون کرنا، کتاب و سنت کی روشنی میں قطعی حرام اور ناجائز حرکت ہے اور یہ کہ ایسی فلم کی نمائش پیغمبر اسلام سید العرب والعجم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین و تذلیل ہے۔

لہٰذا ہم حکومت سے پرزور احتجاج اور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس رسوائے زمانہ فلم کی نمائش فوراً بند کی جائے اور آئندہ کے لیے اس قسم کی حرکتوں کے سدباب کا انتظام کیا جائے، ہم اراکین قومی اسمبلی اور ممبران سینٹ سے بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ اگر ان کو اسلام اور پیغمبر اسلام سے ذرا بھی محبت ہے تو وہ اپنی اولین فرصت میں اس قسم کی اسلام دشمن حرکتوں کے سدباب کے لیے بل پیش کریں اور کامل اتفاق رائے سے اس کو منظور کر کے ان نام نہاد مسلم ملکوں کو نمونہ دکھائیں جنہوں نے ایسی ناپاک جسارت کی ہمت افزائی کی ہے کہ اسلام کے سچے شیدائی اب بھی روئے زمین پر باقی ہیں۔

ہم یقین رکھتے ہیں کہ ہماری آواز صدا بصحرا ثابت نہ ہوگی، والسلام

من جانب۔ پاکستانی طلبار جامعہ اسلامیہ۔ مدینہ منورہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ